
SEPTEMBER - 2026 Published in Islamabad, Pakistan A Newsletter by: www.tashkenturdu.com

TASHKENT URDU

ALL ABOUT SILK ROAD AND BEYOND



Tashkent Urdu is a leading international digital media platform based in Uzbekistan, dedicated to providing comprehensive and reliable coverage of both national and international news. Positioned at the crossroads of the historic Silk Road, the platform serves as a vital bridge between cultures and perspectives, bringing the stories of this vibrant and strategically significant region to a global audience. Tashkent Urdu caters to Urdu-speaking communities worldwide, featuring an inclusive perspective on events and developments. Its mission is to keep its audience informed and engaged with up-to-date breaking news, in-depth analysis, and feature stories that delve into the intricate social, cultural, and political dynamics of the Silk Road and surrounding regions. By focusing on regional and global issues, Tashkent Urdu fosters a nuanced understanding of the interconnected world and the critical role of Central Asia in the global scenario. Committed to high journalistic standards, Tashkent Urdu gives a diverse range of content tailored to the interests and needs of its audience. From political developments and economic trends to cultural heritage and human-interest stories, the platform provides a rich blend of content that highlights the diversity and complexity of the Silk Road and its neighboring regions. Leveraging modern digital tools and a user-friendly interface, Tashkent Urdu ensures accessibility for its growing audience. Its multilingual team of experienced journalists and analysts brings authenticity and depth to its reporting, making it a trusted source for Urdu-speaking audiences seeking insightful and balanced news coverage. As a voice for the Silk Road's past, present, and future, Tashkent Urdu continues to expand its reach, celebrating the historical significance of the region while addressing contemporary challenges and opportunities.

Tashkent and Karachi Connected by Direct Flights
A New Chapter in Uzbekistan & Pakistan Relations



A historic milestone has been achieved in Uzbekistan and Pakistan relations with the launch of the first direct flight between Tashkent and Karachi on September 3, 2026.

Just over 20 months ago, there were no direct air services between the two countries. Today, eight flights operate every week, including four flights between Tashkent and Lahore, two between Tashkent and Islamabad, and two between Tashkent and Karachi.

This development reflects the growing connectivity and strengthening bilateral relations between Uzbekistan and Pakistan. It also highlights Uzbekistan's open and forward-looking policy under the leadership of President Shavkat Mirziyoyev, with a strong focus on closer economic, tourism, and people-to-people ties with Pakistan.

The launch of the Tashkent-to-Karachi route was made possible with the support and efforts of Centrum Air, whose leadership and team played a pivotal role in establishing this direct connection.





Karachi, Pakistan's major economic and commercial hub, is now approximately 2 hours and 45 minutes away from Tashkent by air, with round-trip fares starting at just over USD 400.

For businesspeople, investors, tourists, and other travelers, the new route offers greater convenience and opens new opportunities for trade, tourism, and bilateral cooperation.

Uzbekistan plans to continue expanding air connectivity with Pakistan, further strengthening links between the two nations.



More flights, more business, more tourism, and a stronger friendship

Uzbekistan and Pakistan Explore Joint Historical Film on Zahiriddin Muhammad Babur



Uzbekistan and Pakistan are exploring the possibility of jointly producing a historical film on the life of Zahiriddin Muhammad Babur. The proposed project is part of broader efforts to strengthen cultural and media cooperation between the two countries.

According to Uzbek media reports, an Uzbek media delegation visited Pakistan's Ministry of Information and Broadcasting in Islamabad, where discussions focused on cooperation in film, television, documentaries and digital media.

Pakistani official Asif Rahman Khan told the delegation that filmmakers from Pakistan and Uzbekistan are working on a possible joint production based on Babur's life. He said the script is currently under consideration, while decisions regarding filming locations and the selection of actors have yet to be finalized.

During the meeting, Pakistani officials also highlighted Lahore's Mughal era cultural heritage. The Badshahi Mosque, Shalimar Gardens and Lahore Fort were cited among the landmarks representing the architectural legacy of the period.

The two sides also discussed expanding media cooperation through journalist exchanges, joint television programmes, documentaries, digital content and collaborative reporting projects.





Pakistan's Associated Press of Pakistan and Uzbekistan's National News Agency, UzA, already maintain professional contacts, while possibilities for cooperation between Pakistan Television and Uzbekistan's National Television and Radio Company are also being explored.

During President Shavkat Mirziyoyev's visit to Pakistan in February 2026, the two countries agreed to cooperate in preserving and promoting the scholarly, cultural and architectural heritage of the Great Mughal dynasty.

The proposed joint film is being viewed as an important step in strengthening these cultural links and introducing a new generation to Babur's life as well as the shared historical connections between Central and South Asia.

The proposed film could therefore serve not only as a cinematic portrayal of Babur’s life, but also as a cultural bridge between Pakistan and Uzbekistan, highlighting the deep historical connections, shared heritage and people-to-people ties between Central and South Asia.



NUST Establishes Special Department in Uzbekistan to Strengthen Academic and Scientific Cooperation

Pakistan's National University of Sciences and Technology (NUST) has officially established a special department at Uzbekistan's University of Geological Sciences. The initiative is aimed at further strengthening cooperation between the two countries in higher education, scientific research and technology.

During a visit to Uzbekistan by a Pakistani delegation led by NUST Rector Dr. Muhammad Zahid Latif, the two universities also signed a memorandum of cooperation. Under the agreement, both institutions will work together on joint research, academic projects, and exchanges of faculty members and researchers.

The newly established department is expected to pave the way for joint academic programmes, particularly in geology, mining and related technical fields. The two universities will also cooperate in developing highly qualified specialists and promoting practical and applied research.

Uzbekistan's Minister of Mining and Geology, Bobir Islamov, received the NUST delegation. During the meeting, both sides agreed to further expand institutional cooperation by integrating education, scientific research and practical expertise.

The visit also included discussions on potential collaboration between NUST and other leading technical universities in Uzbekistan. The Embassy of Pakistan in Uzbekistan also facilitated the engagement and supported the broader cooperation process.

The development marks another important step in the growing educational and scientific relationship between Pakistan and Uzbekistan. Alongside expanding economic ties, the two countries are increasingly strengthening cooperation in research, technology and human resource development.





تاشقند
TASHKENT
URDU

"SILK ROAD & BEYOND"

ZABEEH ULLAH BALAGGAN
Chairman

RASHID MEHMOOD
President

MUHAMMAD HASSAN
CEO

AHMAD ABUBAKAR
Executive Director

MS. KHADIJA ISHRAT BHALLI
Staff Correspondent

WhatsApp
+998 99710 7471

Email
info@tashkenturdu.com

Office

UZBEKISTAN
6 Ziyolilar Street, Tashkent,
Uzbekistan.

PAKISTAN
876 Q, Block, Johar Town,
Lahore - Pakistan

UAE
Sharjah Media City,
Sharjah, UAE.

Uzbek Media Delegation Visits Pakistan to Strengthen Media and People-to-People Ties



Uzbekistan's Ambassador to Pakistan, Alisher Tukhtaev, has said that relations between Uzbekistan and Pakistan are advancing rapidly, with both countries now placing greater emphasis on media cooperation, tourism and people to people contacts as important pillars of their bilateral partnership.

In a Facebook post, the ambassador said that a delegation of 10 Uzbek journalists, television hosts, bloggers and social media influencers is currently visiting Pakistan.

According to Ambassador Tukhtaev, the delegation includes representatives from several leading Uzbek media organisations, including the Uzbekistan National News Agency, the National Television and Radio Company, Uzbekistan 24, Mening Yurtim, Renaissance TV, Daryo.uz and Xabar.uz.

Pakistan's Ministry of Foreign Affairs has also confirmed that the Uzbek media delegation is visiting the country at the invitation of the Ministry of Information and Broadcasting. The delegation was briefed on Pakistan & Uzbekistan relations, bilateral trade and regional connectivity.

During a meeting with the delegation, discussions focused on expanding cooperation in trade, investment, transport, direct air connectivity, tourism, education, information technology and people-to-people exchanges.

Ambassador Tukhtaev said that this growing engagement is part of the new momentum in bilateral relations following Uzbek President Shavkat Mirziyoyev's visit to Pakistan on February 5 & 6, 2026. The joint declaration issued during that visit also highlighted the importance of expanding trade, regional connectivity and exchanges between the peoples of the two countries.



The ambassador noted that Pakistan and Uzbekistan are currently connected by eight direct flights every week. The number increased from six to eight after the launch of two new weekly flights between Tashkent and Karachi in September.

On tourism, Ambassador Tukhtaev said that around 20,000 Pakistanis visited Uzbekistan in 2025. According to Uzbekistan's tourism authorities, 18,752 tourists from Pakistan travelled to Uzbekistan last year, while the figure had already crossed 13,000 during the first seven months of 2026.

He added that both countries now want to expand exchanges of journalists and bloggers, develop joint media projects, and share more stories about Pakistan and Uzbekistan's culture, tourism and development with audiences in both countries.

According to Ambassador Tukhtaev, countries become truly closer when direct links between their people are strengthened.



Pakistan, Uzbekistan Agree to Strengthen Economic Cooperation and Accelerate Joint Projects

Pakistan and Uzbekistan have agreed to further strengthen economic cooperation and turn previously agreed commitments into practical projects with clear timelines and financial arrangements.

The understanding was reached during a meeting in Ulaanbaatar, Mongolia, between Pakistan's Federal Minister for Planning Ahsan Iqbal and Uzbekistan's Deputy Minister of Investment, Industry and Trade Ilzat Kasimov.





The two sides discussed regional connectivity, investment and access to international financing, with particular attention to the Uzbekistan-Afghanistan-Pakistan railway project.

Ahsan Iqbal said Pakistan and Uzbekistan should move beyond political consensus and focus on implementable projects that can deliver clear economic results.

According to the planning minister, the Uzbekistan-Afghanistan-Pakistan railway could become an important connectivity corridor linking Central Asian markets with Pakistan's seaports.

The two countries also stressed the need to define clear implementation timelines and financing arrangements for existing agreements so that economic cooperation can be translated into tangible outcomes.

Uzbekistan Defeats Ukraine to Win Second World Chess Olympiad Title in Samarkand

Uzbekistan's national chess team won the gold medal in the Open section of the 46th World Chess Olympiad, held in the historic city of Samarkand. The hosts defeated Ukraine 2.5–1.5 in the decisive final round to secure their second World Chess Olympiad title.

According to the International Chess Federation, Muhiddin Madaminov scored the decisive victory against Roman Dekhtiarov, while the remaining three games ended in draws. The result lifted Uzbekistan above India and Germany in the final standings. India won silver, while Germany secured bronze.

Uzbekistan produced a strong run throughout the tournament. The team defeated India, beat China 3–1, earned an important victory over the United States and overcame Armenia 3.5–0.5 in the penultimate round.





The Uzbek squad included Javokhir Sindarov, Nodirbek Abdusattorov, Nodirbek Yakubboev, Shamsiddin Vokhidov and Muhiddin Madaminov, with former world champion Rustam Kasimdzhanov serving as team captain. Abdusattorov also won an individual gold medal on the first board.

This was Uzbekistan's second gold medal at the World Chess Olympiad. The team first won the title in Chennai in 2022 and followed it with a bronze medal in Budapest in 2024, extending its medal winning streak to three consecutive Olympiads.

The 46th World Chess Olympiad was held in Samarkand from September 16 to 27, bringing together national teams from around the world. Winning a second world title on home soil marks one of the most significant achievements in the history of Uzbek chess.

Construction Underway on Modern National Museum in Tashkent, 10,000 Historical Artifacts to Go on Display

Construction of Uzbekistan's new National Museum in Tashkent is progressing rapidly. President Shavkat Mirziyoyev visited the site to review the ongoing work and instructed officials to ensure that the project is completed on schedule and in line with high quality standards.

The new museum will be built on an area of 3.9 hectares, while the total floor space of the complex will exceed 40,000 square metres. The main building will have three above-ground floors and two underground levels. The museum will be able to accommodate around 3,500 visitors at a time and will display approximately 10,000 historical artifacts and works of art.

A key feature of the project is that 60 percent of the museum's space will be dedicated to education and research. In addition to exhibition halls, the complex will include a large library, restoration laboratories, conference halls, a restaurant and dedicated play areas for children.

The museum has been designed by renowned Japanese architect Tadao Ando, while the exhibition concept has been developed by German firm Atelier Brückner. Plans also include future joint



exhibitions with leading international institutions such as the Louvre in France, the Metropolitan Museum of Art in the United States and the British Museum.

Uzbekistan Unveils New Tourism Brand at Major Paris Travel Exhibition

Uzbekistan has presented its new international tourism strategy at IFTM Top Resa 2026 in Paris, one of Europe's leading travel industry exhibitions, where the country has been given special recognition as a guest of honour.

The Uzbek delegation is being led by Gayane Umerova, Head of the Department for Creative Economy and Tourism at the Presidential Administration and Chairperson of the Uzbekistan Art and Culture Development Foundation.

A major highlight of Uzbekistan's participation is its national pavilion, which combines natural wood, traditional patterns and decorative elements with modern architecture and contemporary facilities.

According to the organisers, the pavilion is designed to showcase both Uzbekistan's centuries-old cultural heritage and its modern, dynamic national identity to an international audience.

The pavilion is also hosting a range of business and cultural activities. Representatives of Uzbekistan's tourism industry are holding meetings with international tour operators, airlines and hotel companies, while foreign visitors are being introduced to Uzbek culture, traditions and the country's distinctive identity.

Gayane Umerova said Uzbekistan needs to present a global image that reflects not only its historical heritage but also the country's ongoing development and transformation.

She noted that culture and tourism are closely interconnected and play an important role in preserving local identity, supporting regional development and creating new opportunities for international cooperation.

Uzbekistan says its participation in IFTM Top Resa is aimed at presenting the country as a modern and dynamic destination that remains firmly connected to its cultural roots.



Officials say the new pavilion design and concept developed for the exhibition are also expected to be used for Uzbekistan's national pavilions at other international tourism events in the future.

Uzbekistan is also becoming increasingly popular among French tourists. Around 29,600 French visitors travelled to Uzbekistan in 2025, while nearly 15,000 visited during the first five months of 2026, representing a 1.3-fold increase compared with the same period last year.

IFTM Top Resa is regarded as one of Europe's major business events for the tourism industry. First launched in Deauville in 1979, the exhibition has been held in Paris since 2008. Organisers expect around 34,000 participants to attend this year's event.

Special Press Tour Held in Uzbekistan's Khorezm Region to Promote Medical Tourism

A special press tour for media representatives was organised in Uzbekistan's Khorezm Region to promote medical tourism and introduce new tourist destinations.

The tour aimed to highlight Khorezm's tourism potential and familiarise journalists with new attractions, healthcare facilities and wellness-related services available across the region.

Participants visited the Honqa Sanatorium, where they were briefed on opportunities for medical tourism, various treatment and rehabilitation services, as well as accommodation facilities.

During the tour, the participants also visited the Lazgi Museum in Urgench, where they learned about the history, development and cultural significance of Lazgi, one of Uzbekistan's best-known traditional dances.

Khorezm is regarded as one of Uzbekistan's key tourism regions.

Alongside traditional tourism, authorities are also focusing on the development of medical and wellness tourism to create more facilities and new travel opportunities for both domestic and international visitors.











Uzbek President Meets Chinese Delegation, Agrees to Advance Investment and Infrastructure Projects



President of Uzbekistan Shavkat Mirziyoyev met on September 25 with Long Yuxiang, Chairman of the China International Culture Communication Center, and Chan Hung To, founder of Hong Kong-based JDB Group. The meeting focused on expanding cooperation between Uzbekistan and China across a range of sectors.

The two sides discussed further deepening the comprehensive all weather strategic partnership for a new era between Uzbekistan and China, with particular emphasis on strengthening cultural and people-to-people ties.

The role of the China International Culture Communication Center in promoting multifaceted cooperation between the two countries was also highlighted. Several joint initiatives have already been implemented in infrastructure development, investment and environmentally sustainable industries.

Modern urban development, transport, industrial infrastructure and geology in Uzbekistan were identified as priority areas for potential cooperation with JDB Group. The parties also discussed opportunities for new investment and joint projects in these sectors.

At the conclusion of the meeting, the sides agreed to accelerate work on ongoing initiatives and move forward with new projects involving JDB Group.

The meeting marks another step in the growing economic, investment and cultural cooperation between Uzbekistan and China, as both countries continue to expand their long termpartnership across multiple sectors.









President Shavkat Mirziyoyev Meets Uzbekistan's Chess Champions After Historic Olympiad Success

President of Uzbekistan Shavkat Mirziyoyev met members of the national chess and para chess teams, along with their parents, mentors and coaches, and congratulated them on their historic success at the 46th FIDE Chess Olympiad held in Samarkand.

The President congratulated Uzbekistan's players on becoming Olympiad champions for the second time, describing their victory among nearly 2,000 chess players from more than 200 countries as an outstanding achievement for the nation.

More than 60,000 local and international spectators attended the competitions in Samarkand, while around half a million people across Uzbekistan and millions worldwide followed the national team's performance on television and online.

President Mirziyoyev highlighted several decisive performances during the tournament, including Uzbekistan's key encounter against defending Olympic champion India. Nodirbek Yakubboev continued fighting from a difficult position and took advantage of his opponent's mistake to secure an important victory. Uzbekistan later defeated China 3–1 and also overcame the United States, the world's top-ranked team and six-time Olympiad champion.

Nodirbek Abdusattorov remained unbeaten throughout the tournament and won an individual gold medal on the first board. The President also praised his difficult endgame victory against Fabiano Caruana and expressed confidence in his future performances at the highest level.





Making his Olympiad debut, Mukhiddin Madaminov defeated Ukraine's Roman Dekhtiarov to earn a crucial point for the team, while Shamsiddin Vokhidov held reigning world champion Gukesh to a draw while playing with the black pieces.

Uzbekistan participated in the Olympiad with six national teams, including three men's and three women's teams. The second men's team defeated the Netherlands, ranked sixth in the world, while 17-year-old Asrorjon Omonov, representing the third team, won seven of his eight games.

President Mirziyoyev said Uzbekistan now has not just two or three strong chess players, but an entire generation of highly capable competitors.

The performance of the women's teams was also praised. The first women's team won seven of its 11 rounds, with the contributions of Afruza Khamdamova, Gulrukhbegim Tokhirjonova, Umida Omonova, Nilufar Imamkulova and Guldona Karimova among those highlighted.

MAJOR SUCCESS IN PARA CHESS

Uzbekistan also achieved an important result at the third FIDE Para Chess Olympiad in Samarkand, winning a bronze medal for the first time.

Selbi Kakeshova scored six points from seven games and won an individual silver medal on her board, while Abdulaziz Bakhodurov secured an individual bronze medal. Akhadkhon Kimsanbayev remained unbeaten throughout the tournament.





President Mirziyoyev praised the determination of Uzbekistan's para chess players and emphasized the important role played by parents, early mentors and coaches in their success. He also highlighted the contribution of former world champion Rustam Kasimdzhanov in passing his knowledge and experience to the younger generation.

UZBEKISTAN AIMS TO BECOME A GLOBAL CHESS HUB

President Mirziyoyev said Uzbekistan's next goal is not only to remain an Olympiad champion but also to become one of the world's major chess centres.

Authorities have been instructed to identify talented children from an early age in every region, district and neighbourhood, connect them with qualified coaches and provide them with opportunities to participate in international competitions.

Separate development systems will also be established for women's chess and para chess.

Regional branches of the Tashkent International Chess Academy are planned in Samarkand, Khorezm and Fergana, while special training programmes will be introduced to develop high-level coaches.

The state will cover half of the membership fees at private chess clubs for players with a FIDE rating above 1,500.

International tournaments under the title “Uzbekistan Grand Chess” will also be held regularly. A modern Chess Palace has been proposed for New Tashkent, featuring a 500-seat competition hall, residential facilities and sports infrastructure.

The government also announced major rewards for Olympiad winners, medalists and coaches. Each Olympic champion will receive $200,000, while their coach will receive $50,000. Para chess bronze medalists will receive $50,000, with $12,500 awarded to their coaches.

Champion players will also receive homes and cars, while para chess bronze medalists will be provided with similar rewards. National team head coaches Rustam Kasimdzhanov and Samar Qamar Muhammadov will also receive cars.

Under a presidential decree, chess players, coaches and other individuals involved in the country's success were awarded state honours in recognition of their contribution to Uzbekistan's international prestige and sporting achievements.

President Mirziyoyev said the awards were not only recognition of current accomplishments but also an expression of confidence in the players' future success.





ابنِ سینا پر فخر کافی نہیں

سوال یہ ہے کہ ہم طب کو کیا دے رہے ہیں؟



ڈاکٹر جیسور رضایئو

کچھ شہر نقشے پر محض ایک نقطہ نہیں ہوتے، وہ یادداشت، تاریخ اور تہذیب ہوتے ہیں۔ سمرقند بھی انہی شہروں میں سے ایک ہے۔

صدیوں تک مشرق سے مغرب جانے والے راستے اس شہر میں آ کر ملتے رہے۔ یہاں صرف تجارت نہیں ہوئی بلکہ خیالات ملے، علم کا تبادلہ ہوا اور تہذیبوں نے ایک دوسرے سے سیکھا۔ ریاضی، فلکیات، فلسفہ اور طب، یہ سب ایک ہی علمی ماحول میں پروان چڑھے۔ اسی لیے آج سمرقند کی کسی میڈیکل فیکلٹی کے دروازے سے داخل ہونے والے نوجوان طالب علم کے کندھوں پر ایک ایسا ورثہ بھی موجود ہے جو نظر تو نہیں آتا، مگر اپنی وسعت اور اہمیت میں بہت بڑا ہے۔

لیکن ماضی کی عظمت صرف ہمارے لیے باعثِ فخر نہیں ہونی چاہیے۔ یہ ہم پر ایک ذمہ داری بھی عائد کرتی ہے۔ اور یہی وہ مقام ہے جہاں ہمیں خود سے ایک مشکل سوال پوچھنا چاہیے:

کیا ابنِ سینا جیسے عظیم علما کے نام پر فخر کرنا ہی ان کے علمی ورثے کو آگے بڑھانے کے لیے کافی ہے؟

میری رائے میں، نہیں

ابنِ سینا کو جاننا اہم ہے، لیکن یہ سمجھنا اس سے بھی زیادہ اہم ہے کہ ابنِ سینا سوچتے کیسے تھے۔

ان کی کتابوں کو اپنی لائبریریوں میں محفوظ رکھنا یقیناً قابلِ قدر ہے، لیکن اگر سینکڑوں سال گزرنے کے بعد بھی ہم نیا علم پیدا نہ کر سکیں، نئے سوال نہ اٹھا سکیں، نوجوانوں کو تحقیق کی طرف راغب نہ کر سکیں اور علم کی سرحد کو کم از کم ایک قدم آگے نہ بڑھا سکیں تو تاریخ ہمیں صرف ہمارا ماضی یاد دلاتی رہے گی۔

ہمیں یاد رہنا چاہئے کہ ہمیں اپنا مستقبل بھی تعمیر کرنا ہے۔ علمی ورثہ ناموں



سے نہیں، نئے سوالات سے زندہ رہتا ہے۔ ابنِ سینا کا نام آتے ہی ہمارے ذہن میں ایک عظیم طبیب کا تصور ابھرتا ہے۔ لیکن حقیقت میں ان کا ورثہ صرف طبّی معلومات تک محدود نہیں تھا۔

مشاہدہ کرنا، سوال اٹھانا، علم کو منظم کرنا، منطقی انداز میں سوچنا اور انسانی جسم کو سمجھنے کی کوشش کرنا، یہ سب بھی ان کے علمی ورثے کا حصہ ہیں۔

اور دراصل یہی سائنس کی روح ہے۔ آج میڈیکل یونیورسٹیوں کی سب سے بڑی ذمہ داری صرف طلبہ تک موجودہ علم منتقل کرنا نہیں، کیونکہ آج جس علم کو ہم درست سمجھتے ہیں، ممکن ہے کل اس میں تبدیلی آجائے۔ نئی ادویات سامنے آئیں گی، بیماریوں کے نئے اسباب اور طریقۂ کار دریافت ہوں گے، جینیات اور مالیکیولر میڈیسن مزید ترقی کرے گی اور مصنوعی ذہانت طبّی فیصلوں کا تیزی سے اہم حصہ بنتی جائے گی۔ ممکن ہے وہ ٹیکنالوجیز جن کے نام سے بھی ہم آج واقف نہیں، کل ہمارے ہسپتالوں میں استعمال ہو رہی ہوں۔

اس لیے ہم اپنے طلبہ کو ہر سوال کا جواب نہیں سکھا سکتے۔ لیکن ہم انہیں درست سوال پوچھنا ضرور سکھا سکتے ہیں۔ میرے نزدیک یہی مستقبل کی طبّی تعلیم کے اہم ترین تقاضوں میں سے ایک ہے۔ طالب علم کی یادداشت کے ساتھ اس کا تجسس بھی بڑھانا ہوگا۔ دنیا کے ہر ملک میں طبّی تعلیم مشکل اور محنت طلب ہے۔

طلبہ اناٹومی، فزیالوجی، بیوکیمسٹری، فارماکولوجی، مائیکروبائیولوجی اور کلینیکل علوم پڑھتے ہیں۔ ہزاروں صفحات کا مطالعہ کرتے اور امتحانات دیتے ہیں۔



لیکن ان سب کے بعد ہمیں خود سے ایک اور سوال پوچھنا چاہیے

میڈیکل فیکلٹی کی کامیابی کا معیار یہ ہونا چاہیے کہ طالب علم نے کتنا کچھ یاد کیا، یا یہ کہ وہ مریض کی حالت کو کتنی درستگی سے سمجھ اور جانچ سکتا ہے؟

علم یقیناً ضروری ہے، مگر صرف علم ہی ڈاکٹر نہیں بناتا۔ مریض کو توجہ سے سننا بھی طب ہے۔ غیر یقینی صورتِ حال میں درست فیصلہ کرنا بھی طب ہے۔

یہ تسلیم کرنا کہ ''میں نہیں جانتا''، کسی ساتھی سے مشورہ مانگنا، مریض کو ایسی زبان میں سمجھانا جسے وہ سمجھ سکے، اور نئے سائنسی شواہد سامنے آنے پر برسوں پرانی اپنی رائے تبدیل کرنے کے لیے تیار ہونا بھی ایک اچھے ڈاکٹر کی خصوصیات ہیں۔ اسی لیے ہماری یونیورسٹیوں کا کام صرف معلومات فراہم کرنا نہیں ہونا چاہیے۔

ہمیں طالب علم کا تجسس زندہ رکھنا ہوگا۔ کیونکہ جہاں تجسس ختم ہوتا ہے، وہاں علم کی رفتار بھی سست پڑ جاتی ہے۔ ڈاکٹر کے ساتھ محقق بھی تیار کرنا ہوگا طب کی تاریخ میں بہت سی عظیم دریافتوں کا آغاز بظاہر انتہائی سادہ سوالات سے ہوا۔

کیوں؟ کیسے؟ کیا اس کا کوئی دوسرا طریقہ بھی ہو سکتا ہے؟

کلینک میں ڈاکٹر کے سامنے آنے والا کوئی غیر معمولی کیس برسوں پر محیط سائنسی تحقیق کا نقطۂ آغاز بن سکتا ہے۔ اسی لیے تحقیق کو صرف ماسٹرز، پی ایچ ڈی یا تعلیمی کیریئر تک محدود نہیں سمجھنا چاہیے۔ طالب علم کو میڈیکل فیکلٹی کے زمانے ہی سے سائنسی طرزِ فکر سے آشنا ہونا چاہیے۔ اسے سائنسی

مقالہ پڑھنا، تحقیق کی خوبیوں اور کمزوریوں کو سمجھنا اور شماریاتی نتیجے اور طبّی اہمیت کے درمیان فرق کرنا آنا چاہیے۔

اسے یہ سمجھنا چاہیے کہ سائنسی علم کیسے وجود میں آتا ہے۔ اور سب سے اہم بات یہ کہ اسے یقین ہونا چاہیے کہ ایک دن وہ خود بھی اس علم میں اضافہ کر سکتا ہے۔ کسی یونیورسٹی کی طاقت صرف اس بات سے نہیں ناپی جاتی کہ وہاں سے کتنے طلبہ فارغ التحصیل ہوئے۔ یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ اس یونیورسٹی نے سائنس کے سامنے کتنے نئے سوال رکھے۔

سمرقند میں ہم ایک مشترکہ مستقبل تعمیر کر رہے ہیں۔ میرے نزدیک حالیہ برسوں میں ترکی اور ازبکستان کے درمیان صحت اور طبّی تعلیم کے شعبوں میں بڑھتا ہوا تعاون اسی تناظر میں انتہائی اہم ہے۔ کیونکہ اب بات صرف تعاون کی یادداشتوں پر دستخط تک محدود نہیں رہی۔ ہم ایک ایسے حقیقی تعلیمی ماڈل کی بات کر رہے ہیں جہاں طلبہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں، اساتذہ اپنے علم اور تجربات کا تبادلہ کر رہے ہیں، نئی فیکلٹیز قائم ہو رہی ہیں اور طلبہ فارغ التحصیل ہو کر عملی زندگی میں قدم رکھ رہے ہیں۔

سمرقند اسٹیٹ میڈیکل یونیورسٹی اور جمہوریہ ترکی کی یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے تعاون سے قائم یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز سمرقند میڈیکل فیکلٹی سمرقند میں طلبہ کو طبّی تعلیم فراہم کر رہی ہے۔ ہمارے لیے یہ محض ایک نئی تعلیمی فیکلٹی نہیں۔ یہ ترکی اور ازبکستان کے تاریخی رشتوں کو سائنس اور طبّی تعلیم کے ذریعے مستقبل تک لے جانے کی عملی شکل ہے۔

کلاس روم میں ہونے والی ہر علمی بحث، لیبارٹری میں ہونے والی ہر تحقیق اور تیار ہونے والا ہر نوجوان ڈاکٹر دونوں ملکوں کے درمیان اس پل کو مزید مضبوط بناتا ہے۔ سمرقند کی صدیوں پرانی علمی روایت اور ترکی کا طبّی تعلیم کا تجربہ یہاں ایک مشترکہ مقصد کے لیے یکجا ہو رہے ہیں۔

بخارا سے شروع ہونے والا سفر اب اپنے ڈاکٹر دے رہا ہے۔ یہ تعاون صرف سمرقند تک محدود نہیں۔ ازبکستان کے ایک اور قدیم علمی مرکز بخارا میں بھی یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز اور بخارا اسٹیٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کا تعاون برسوں سے عملی تعلیمی سرگرمیوں میں تبدیل ہو چکا ہے۔ بخارا میں قائم ابنِ سینا فیکلٹی آف میڈیسن اور ابنِ سینا ہیلتھ سروسز وکیشنل اسکول اس تعاون کے ابتدائی اہم اداروں میں شامل تھے۔ اب یہ نظام مزید وسعت اختیار کر رہا ہے اور طب کے علاوہ دندان سازی اور ہیلتھ سائنسز کے شعبوں میں بھی تعلیمی ڈھانچے تشکیل پا رہے ہیں۔

سب سے اہم بات یہ ہے کہ اب یہ صرف طلبہ کو داخلہ دینے والا نظام نہیں رہا۔ اس تعلیمی ماڈل نے اپنے فارغ التحصیل طلبہ دینا شروع کر دیے ہیں۔ میرے نزدیک بخارا کی ابنِ سینا میڈیکل فیکلٹی سے پہلے ڈاکٹروں کا فارغ التحصیل ہونا اس تعاون کے اہم ترین مراحل میں سے ایک ہے۔

کیونکہ دو یونیورسٹیوں کے تعاون کا اصل نتیجہ دستخط شدہ کاغذات نہیں ہوتے۔ اصل نتیجہ انسان ہوتا ہے۔ وہ ڈاکٹر جو مریض کا علاج کرے۔ وہ صحت کا ماہر جو معاشرے کی صحت بہتر بنانے میں حصہ ڈالے۔ اور وہ نوجوان محقق جو نیا علم پیدا کرے۔

سمرقند، بخارا، تاشقند...

ازبکستان میں طبّی تعلیم کے اس تعاون کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ کسی ایک شہر تک محدود نہیں رہا۔ سمرقند میں طبّی تعلیم، بخارا میں طب، دندان سازی اور ہیلتھ سائنسز، اور تاشقند میں نرسنگ کی تعلیم۔

ان سب کو ایک ساتھ دیکھا جائے تو اب ہمارے سامنے الگ الگ منصوبے نہیں بلکہ صحت کی تعلیم کا ایک ایسا نیٹ ورک ہے جو مسلسل وسیع ہو رہا ہے۔ میرے لیے اس نیٹ ورک کی سب سے اہم بات اداروں کے نام یا ان کی تعداد نہیں۔

اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ طلبہ ایک دوسرے سے سیکھیں، اساتذہ مل کر کام کریں، کلینیکل تجربات کا تبادلہ ہو، مشترکہ تحقیق کی ثقافت فروغ پائے اور ترکی و ازبکستان کی برادرانہ دوستی نئی نسل کی تعلیمی زندگی میں ایک



حقیقی معنی اختیار کرے۔

یونیورسٹیاں اب تنہا ترقی نہیں کر سکتیں۔ آج سائنس کسی ایک ملک یا یونیورسٹی کی تنہا سرگرمی نہیں رہی۔ ایک ملک میں شروع ہونے والی تحقیق دوسرے ملک کی لیبارٹری کی مدد سے آگے بڑھ سکتی ہے۔ ایک یونیورسٹی میں تیار ہونے والا طریقۂ علاج ہزاروں کلو میٹر دور کسی مریض کی زندگی بدل سکتا ہے۔ ایک ملک کا سائنس دان دوسرے ملک کے طالب علم کا اندازِ فکر تبدیل کر سکتا ہے۔ اسی لیے مستقبل کی مضبوط یونیورسٹی صرف وہ نہیں ہو گی جو اپنے کیمپس کے اندر کامیاب ہو۔

بلکہ وہ یونیورسٹی ہو گی جو اپنا علم دوسروں کے ساتھ بانٹے، دنیا کے لیے اپنے دروازے کھولے، طلبہ کو مختلف علمی ماحول سے روشناس کرائے اور اساتذہ کو مشترکہ تحقیق کی طرف راغب کرے۔ میری رائے میں ترکی اور ازبکستان کے درمیان قائم ہونے والے اس طبّی تعلیمی ماڈل کا اگلا مرحلہ مشترکہ سائنسی تحقیق ہونا چاہیے۔

اگلا قدم صرف مل کر پڑھانا نہیں ہونا چاہیے۔ اگلا قدم مل کر علم پیدا کرنا ہونا چاہیے۔ سمرقند، بخارا، تاشقند اور ترکی کے نوجوان محققین کو ایک ہی سائنسی مسئلے کے حل کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔ مشترکہ تحقیقی مراکز قائم ہونے چاہئیں۔ کثیر المراکز کلینیکل تحقیقات ہونی چاہئیں۔ مشترکہ سائنسی مقالات کی تعداد بڑھنی چاہیے۔ طلبہ اور اساتذہ کے تبادلے کو مزید فروغ ملنا چاہیے۔ کیونکہ علمی تعاون کی بلند ترین منزل موجود علم بانٹنا نہیں بلکہ نیا علم مل کر پیدا کرنا ہے۔

مصنوعی ذہانت کے دور میں ہم کیسا ڈاکٹر تیار کریں گے؟

طب اس وقت ایک بہت بڑی تکنیکی تبدیلی سے گزر رہی ہے۔ مصنوعی ذہانت ریڈیولوجی کی تصاویر کا تجزیہ کر سکتی ہے، چند سیکنڈ میں بہت بڑی مقدار میں ڈیٹا پراسیس کر سکتی ہے اور کلینیکل فیصلوں میں معاون ثابت ہو رہی ہے۔ سائنسی لٹریچر کا جائزہ لینے میں جو کام پہلے کئی دن لیتا تھا، اب بہت کم وقت میں ممکن ہو رہا ہے۔ ہمیں اس ترقی سے خوفزدہ نہیں ہونا چاہیے، لیکن اسے بغیر سوال کیے قبول کرنا بھی درست نہیں۔

اصل سوال یہ ہونا چاہیے

مصنوعی ذہانت کی موجودگی والی دنیا کے لیے ہم کیسے ڈاکٹر تیار کر رہے ہیں؟ مستقبل کے ڈاکٹر کے لیے صرف معلومات رکھنا کافی نہیں ہو گا۔ اسے معلومات کی سچائی اور معیار جانچنا آنا چاہیے۔ ٹیکنالوجی کے دیے گئے نتائج کو تنقیدی نظر سے دیکھنا، اپنے طبّی فیصلے کی ذمہ داری لینا اور اخلاقی پہلوؤں کو سمجھنا ہو گا۔ اور تمام تر ٹیکنالوجی کے باوجود اسے یہ کبھی نہیں بھولنا چاہیے کہ اس کے سامنے بیٹھا مریض محض ڈیٹا کا مجموعہ نہیں، ایک انسان ہے۔ شاید ٹیکنالوجی جتنی ترقی کرے گی، طب کا انسانی پہلو اتنا ہی قیمتی ہوتا جائے گا۔

سفید کوٹ ہر جگہ ایک ہی ذمہ داری کی علامت ہے۔ سمرقند ہو، بخارا ہو، تاشقند ہو، یا استنبول۔ طب اور صحت کے شعبوں میں تعلیم حاصل کرنے والے نوجوان ایک ہی بڑی ذمہ داری کے لیے تیار ہو رہے ہیں۔ سفید کوٹ صرف پہننے کا لباس نہیں۔ یہ صدیوں سے جمع ہونے والے علم، مریض کے سامنے ذمہ داری اور علم کے تسلسل کی علامت ہے۔ تعلیمی منتظمین کی حیثیت سے ہم نوجوانوں کے حوالے صرف آج کی طب نہیں کر رہے۔ ہم ان کے سپرد کل کی طب بھی کر رہے ہیں۔ اسی لیے یہ کافی نہیں کہ ہمارے طلبہ صرف اچھے ڈاکٹر یا صحت کے اچھے ماہر بنیں۔ انہیں ایسے انسان بننا چاہیے جو ہمیشہ بہتر راستہ تلاش کریں۔

علم کے ساتھ چلیں۔ سوال کریں۔ تحقیق کریں۔ مریض کو سنیں۔ نہ جانتے ہوں تو سیکھیں۔ سیکھ جائیں تو دوسروں کو سکھائیں۔ اور آنے والی نسل کے لیے پہلے سے بہتر نظامِ صحت چھوڑنے کی کوشش کریں۔ ماضی ہمیں ذمہ داری بھی دیتا ہے۔ سمرقند اور بخارا جیسے قدیم علمی شہروں میں کام کرنا یقیناً بہت بڑا اعزاز ہے۔ لیکن تاریخی ورثہ صرف فخر نہیں دیتا۔ وہ ذمہ داری بھی دیتا ہے۔ کیونکہ آپ کا ماضی جتنا عظیم ہو گا، مستقبل کے لیے چھوڑا جانے والا آپ کا ورثہ بھی اتنا ہی بڑا ہونا چاہیے۔

ہم ابنِ سینا کو یاد کرتے ہیں۔ البیرونی کو یاد کرتے ہیں۔ الغ بیگ کو یاد کرتے ہیں۔ ماضی کے عظیم طبیبوں اور سائنس دانوں سے اپنی نوجوان نسل کو روشناس کراتے ہیں۔ لیکن ہمیں یہیں رک نہیں جانا۔ ہمیں بھی وہی کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جو انہوں نے کیا تھا۔

معلوم علم کی سرحد پر کھڑے ہو کر نامعلوم کی طرف ایک قدم اور بڑھانا۔ آج سمرقند، بخارا اور تاشقند میں ہونے والی تعلیمی سرگرمیوں کو میں صرف آج کے منصوبوں کے طور پر نہیں دیکھتا۔ ہم نہیں جانتے کہ یہاں تعلیم پانے والے نوجوان مستقبل میں کیا حاصل کریں گے۔

ممکن ہے سمرقند کا کوئی طالب علم علاج کا نیا طریقہ دریافت کرے۔ ممکن ہے بخارا کا کوئی نوجوان ڈاکٹر ایسی بیماری کی تحقیق میں اہم کردار ادا کرے جو کروڑوں انسانوں کو متاثر کرتی ہے۔ ممکن ہے تاشقند میں تعلیم حاصل کرنے والا کوئی ہیلتھ پروفیشنل مریضوں کی دیکھ بھال کا نیا ماڈل متعارف کرائے۔

اور شاید ازبکستان اور ترکی کے دو نوجوان محققین کی مشترکہ تحقیق ایک دن عالمی طبّی ادب کا حصہ بن جائے۔ ہم آج یہ نہیں جانتے۔ لیکن یونیورسٹی کا اصل کام یہی ہے، ایسا ماحول پیدا کرنا جہاں یہ سب ممکن ہو سکے۔ سائنس کی تاریخ بدلنے والے لوگ آسمان سے نہیں اترتے۔ وہ کلاس رومز میں پروان چڑھتے ہیں۔ لیبارٹریوں میں ان کے اندر تجسس پیدا ہوتا ہے۔ کلینکس میں وہ مشاہدہ کرتے ہیں۔ اپنے اساتذہ سے سوال کرتے ہیں۔ دوسرے ملکوں کے ساتھیوں سے ملتے ہیں۔

مل کر سوچتے ہیں۔ مل کر تحقیق کرتے ہیں۔ اور پھر ایک دن خود سے پوچھتے ہیں،

"مجھ سے پہلے جو کچھ کیا گیا، میں نے اسے سیکھ لیا۔ اب سوال یہ ہے کہ میں طب کے علم میں کیا اضافہ کروں گا؟"

سمرقند سے بخارا، تاشقند سے استنبول تک پھیلے علم اور تعلیم کے اس پل کا سب سے بڑا مقصد، میری نظر میں، یہی ہونا چاہیے۔ اپنے مشترکہ تاریخی ورثے کو صرف یاد کرنا نہیں، بلکہ اسی بنیاد پر مل کر ایک نیا مستقبل تعمیر کرنا۔ اور شاید ابنِ سینا کو پیش کیا جانے والا سب سے بڑا خراجِ تحسین بھی یہی ہے کہ ہم ان کا نام بار بار لینے تک محدود نہ رہیں، بلکہ ایسی نئی نسلیں تیار کریں جو علم اور طب میں اپنا نیا اضافہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہوں۔



ازبکستان، معاشی مرکز سے تعلیمی مرکز تک



ذبیح اللہ بلگن

گزشتہ دنوں ازبکستان کی قومی شماریاتی کمیٹی کے جاری کردہ اعداد و شمار نظر سے گزرے تو میں حیران ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ ان اعداد و شمار کے مطابق جنوری سے اگست 2026، یعنی صرف آٹھ ماہ کے دوران 29 ہزار 548 غیر ملکی شہری تعلیم حاصل کرنے کے لیے ازبکستان آئے ہیں۔ گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں یہ تعداد 15 ہزار 300 زیادہ ہے، یعنی غیر ملکی طلبہ کی تعداد میں تقریباً دوگنا اضافہ ہوا ہے۔ میرے لیے اصل خبر یہ 29 ہزار 548 کا ہندسہ نہیں ہے۔ بلکہ اصل خبر یہ ہے کہ دنیا ایک بار پھر علم حاصل کرنے کے لیے ازبکستان کا رخ کر رہی ہے اور شاید تاریخ ایک طویل سفر طے کر کے دوبارہ اپنے پرانے راستے کی طرف لوٹ رہی ہے۔

ازبکستان کی سرزمین کے لیے علم کوئی نیا مقام نہیں اور نہ ہی سمرقند اور بخارا کے نام دنیا نے پہلی بار سنے ہیں۔ صدیوں پہلے جب جدید یونیورسٹیوں کا تصور بھی موجود نہیں تھا، اس خطے کے مدارس، کتب خانے اور علمی مراکز دنیا کے مختلف علاقوں سے علم کے متلاشیوں کو اپنی طرف کھینچتے تھے۔ بخارا کی سرزمین نے ابو علی ابنِ سینا جیسے عظیم طبیب اور مفکر کو جنم دیا۔ جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ طب کی دنیا میں ابنِ سینا کا نام آج بھی احترام سے لیا جاتا ہے۔ بخارا کی علمی روایت اس قدر وسیع تھی کہ بیسویں صدی تک شہر میں بڑی تعداد میں مدارس موجود تھے۔

اسی طرح سمرقند ہے۔ سمرقند جائیں اور ریگستان کے سامنے کھڑے ہو جائیں تو انسان صرف خوبصورت عمارتیں نہیں دیکھ رہا ہوتا، وہ دراصل صدیوں پر محیط ایک علمی تہذیب کے سامنے کھڑا ہوتا ہے۔ یہیں مرزا الغ بیگ نے علمِ فلکیات اور ریاضی کو نئی بلندیوں تک پہنچایا۔ انہوں نے سمرقند میں مدرسہ قائم کیا، رصد گاہ بنائی اور اپنے عہد کے بڑے ماہرینِ فلکیات اور ریاضی دانوں کو جمع کیا۔ سمرقند کی الغ بیگ اکیڈمی میں دینی علوم کے ساتھ الجبرا اور جیومیٹری جیسے علوم بھی پڑھائے جاتے تھے۔ یعنی جس سرزمین پر آج دنیا کے مختلف ملکوں سے نوجوان میڈیسن، انجینئرنگ اور دوسرے جدید علوم پڑھنے آ رہے ہیں، وہاں علم کی یہ محفل کوئی پہلی مرتبہ نہیں سجی۔

میں گزشتہ کئی برسوں سے ازبکستان کو بہت قریب سے دیکھ رہا ہوں۔ اس دوران جس رفتار سے اس ملک کو تبدیل ہوتے دیکھا ہے، شاید باہر بیٹھ کر اس کا اندازہ لگانا مشکل ہو۔ تاشقند کی بلند و بالا عمارتیں ہوں، کشادہ اور جدید شاہراہیں، نئے کاروباری مراکز ہوں یا سمرقند اور بخارا جیسے قدیم شہروں کی تعمیر و تزئین، ازبکستان نے اپنی تاریخ کو مٹانے کے بجائے اس پر جدت کی ایک نئی چادر ڈال دی ہے۔ یہاں آپ کو ایک طرف صدیوں پرانا مدرسہ دکھائی دیتا ہے اور کچھ ہی فاصلے پر جدید یونیورسٹی موجود ہوتی ہے۔ ایک طرف قدیم بازار اور تاریخی گنبد ہیں تو دوسری طرف نئی عمارتیں، جدید ہوٹل اور کاروباری مراکز آپ کو منتظر دکھائی دیتے ہیں۔ شاید ازبکستان کی موجودہ ترقی کی خوبصورتی بھی یہی ہے کہ یہ ملک ماضی کو چھوڑ کر آگے نہیں بڑھ رہا بلکہ ماضی کو ساتھ لے کر مستقبل کی طرف جا رہا ہے۔

آزادی کے بعد ازبکستان نے ایک طویل سفر طے کیا ہے۔ آج وسطی ایشیا میں ہونے والی معاشی اور سماجی تبدیلیوں کا ذکر ہو تو ازبکستان کو نظر انداز کرنا دشوار ہے۔ لیکن اب اس ترقی کا ایک نیا رخ بھی سامنے آ رہا ہے۔ جسے ہم تعلیم کہیں گے۔ 2026 کے پہلے آٹھ ماہ میں 29 ہزار 548 غیر ملکی طلبہ کا حصول تعلیم کیلئے ازبکستان آنا ایک غیر معمولی اور خوش آئند تبدیلی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ طالب علم اپنا ملک چھوڑ کر ہزاروں کلو میٹر دور صرف کسی عمارت کو دیکھ کر نہیں آتا بلکہ وہ اپنے بہتر مستقبل کے لیے آتا ہے۔ اسے یونیورسٹی چاہیے، معیار چاہیے، مناسب تعلیمی ماحول چاہیے، تحفظ چاہیے اور سب سے بڑھ کر یہ اعتماد چاہیے کہ جس ملک میں وہ اپنی زندگی کے اہم ترین سال گزار رہا ہے وہاں سے حاصل ہونے والی تعلیم اس کے مستقبل میں کام آئے گی یا نہیں۔

ایک زمانہ تھا جب بخارا کے علمی مراکز میں دور دراز علاقوں سے لوگ علم حاصل کرنے آتے تھے۔ ایک دور تھا جب سمرقند میں الغ بیگ آسمان کے



ستاروں کا حساب لگا رہے تھے اور ان کے گرد اپنے عہد کے بڑے اہل علم جمع تھے۔ آج اسی سرزمین پر ایک مرتبہ پھر مختلف زبانیں بولنے والے، مختلف رنگ و نسل اور مختلف ملکوں سے تعلق رکھنے والے نوجوان کتابیں اٹھائے یونیورسٹیوں کا رخ کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔

فرق صرف اتنا ہے کہ کبھی وہ قافلوں میں آتے تھے۔ آج ہوائی جہازوں میں آتے ہیں۔ میرے خیال میں یہ ازبکستان کی بدلتی ہوئی کہانی کا ایک بہت اہم باب ہے۔ آج ہم ازبکستان کو وسطی ایشیا کی تیزی سے بدلتی ہوئی معیشت اور کاروباری شناخت کے حوالے سے دیکھتے ہیں۔ لیکن اگر غیر ملکی طلبہ کی آمد کا یہی رجحان جاری رہا اور اس کے ساتھ تعلیمی معیار اور تحقیق میں بھی مسلسل سرمایہ کاری ہوتی رہی تو آنے والے چند برسوں میں ازبکستان کی ایک نئی شناخت مزید نمایاں ہو سکتی ہے۔ اور تب شاید ہم یہ کہیں گے کہ۔۔۔

ازبکستان اب صرف وسطی ایشیا کا ابھرتا ہوا معاشی مرکز ہی نہیں، بلکہ ایک ابھرتا ہوا تعلیمی مرکز بھی ہے۔

تاریخ کے اپنے انداز ہوتے ہیں۔ کبھی کبھی وہ خود کو دہراتی نہیں، بلکہ ایک نئے روپ میں واپس لاتی ہے۔ سمرقند اور بخارا میں علم کے وہ چراغ جو صدیوں پہلے روشن ہوئے تھے، شاید اب جدید یونیورسٹیوں، میڈیکل کالجوں، تحقیق گاہوں اور دنیا بھر سے آنے والے نوجوانوں کی صورت میں ایک مرتبہ پھر اپنی روشنی بکھیرنے کیلئے تیار ہیں

tashkent
TravelPlanners

مری سے بھی سستا

Lahore / Karachi to

Tashkent

4 Days Package

October Month Offer

Starting From
$129
Pearl Tashkent Hotel
★ ★ ★ ★



Hotel Options

Comfort Stays for a Perfect Trip



Pearl Tashkent Hotel
$129



Le Grand Plaza Hotel
$199



Wyndham Garden Hotel
$219



Shamsan Hotel
$209



Uzbekistan Hotel
$179

What's Included

Travel Smarter • More Memories

- Included Visa
- Hotel & Breakfast
- Tashkent City Tour
- Shopping Tour
- Pick & Drop (Airport - Hotel - Airport)
- Welcome 1 Dinner - Shalimar Restaurant

Call Us Now
+99 888 2127471

Office: Uzbekistan Hotel, 12 Floor Tashkent

Travel Beyond Borders

SHALIMAR
RESTAURENT

Where Every Bite Brings You Home



Authentic Karahi • BBQ • Desi Flavours

Freshly prepared with traditional spicesand served with warm hospitality in the heart of Tashkent.

FRESH • AUTHENTIC • FULL OF FLAVOUR

OPEN DAILY
11:00 AM to 01:00 AM

PEARL TASHKENT HOTEL
Ziyolilar Street, House 6, 100170
Tashkent, Uzbekistan

RESERVATIONS & CONTACT
+998 97 714 7471
+998 88 212 7471

Come Hungry. Leave Happy